

بفضل خالق جان و جهان رازق حیوان و انسان

درین ایام خجسته فرجام و زمان میمنت التیام کتاب نهایت سلیس و عجیب مسمی

به

نادر الغیب

مع

فرهنگ [illegible]

بزبان اردو

مشتمل بر لغات صعبه و [illegible]

در مطبع [illegible] منطبع گردید

قیمت [illegible] بار سوم [illegible] - (۱۸۵۰)

طریقہ تعلیم

بسم اللہ الرحمن الرحیم

بعد حمد و صلوٰة کے واضح ہو کہ مبتدیوں کیواسطے کوئی کتاب ایسی کہ جسمین لغت ہر قسم کے علی تا مناسبت ایک جگہ
مین فصل وار مسطور ہوں اور مصادر و قواعد ضروری بھی مندرج ہوں نہ تھی اسواسطے مینے قاموس صراح
منتخب بحر الجواہر مخزن الالفاظ الادویہ نفائس برہان بہار عجم غیاث وغیرہا سے لغت مستنبط کرکے یہ رسالہ
لکھا اور نام اسکا نادر الترتیب رکھا اسکے الفاظ بحوالہ کتب مضبوط ہین اشعار باہم نہایت مسلسل و مربوط
ہین اگر کوئی اپنے محل سے دور ہو جاوے تو اوسکے ایہام مین قصور ہو جاوے تمام کتاب پر از ایہام و اشارات
ہی ہر شعر مین سوا معنی لغات کے نصیحت یا مذاق یا قصہ غرض کوئی نہ کوئی عجیب بات ہی حتی کہ اسکے
نام مین بھی ایہام ہے اسواسطے کہ عزیز یعنی نادر بھی ہے اور عزیز الدین احمد میرا نام ہے کارسازی خدا
کی مدد سے ۱۲۹۶ ہجری مین ختم ہوا اگر ہر مصرعہ دیباچہ کے حرف اول یا آخر لیے جائین دونوں طرف سے
یہ بین نکلین مصرع عجب تاریخ ہے تاریخ اسکی ۞ اور عجب تاریخ بھی مادہ تاریخ ہے ناظرین با تمکین سے امیدوار
ہون کہ اگر کسی لغت مین اختلاف ہو تو وہ اختلاف کتب سے کہ بہت شائع ہو جائین اور نظر
کی خطا سے کہ بمقتضائے بشریت ہوگی از راہ آدمیت چشم پوشی فرمائین بہر حال کلمات طنز کہ شیوہ
نا اہلون کا ہے زبان پر نہ آئین بلکہ اوسکے عوض دعا فرمائین اب اللہ تعالے سے امیدوار ہون کہ
اسکا رواج ہو پڑھنے والا اسکا کسی امر مین نہ محتاج ہو جو اسکی ہر بات پر ماہر ہوگا بیشک
ضروری اردو فارسی لکھنے پڑھنے پر قادر ہوگا اسکی یہ ترکیب ہے کہ الف بے کے ساتھ تختی لکھنا
شروع کرے جب مفردات و مرکبات سے فارغ ہو جاوے تو ونہ نام اللہ تعالے کے فارسی پڑھنا چاہے
تو نستعلیق مین اور عربی چاہے تو نسخ مین پڑھے ان اسماکا پڑھنا اہل اسلام کے واسطے تیمنا لکھا گیا
ہے اردو ون کے واسطے یہ نثر اور دیباچہ کتاب کافی ہے یہ تھوڑا نہین بیشک وافی ہے پھر یہ کتاب اور
اسکے دوسرے باب تک اردو مسودے اور نامہ ہر قسم کے خصوصا مشکل مشتبہ بطرز مسودات لکھتا ہے
جیسے انشاے خلاصہ الاخبار مین لکھے ہین جسکو فرزند ارجمند نجم الدین احمد نے ماشاء اللہ چشم بد دور
بارہ برس کے سن مین ترتیب دیا ہے اور دو پڑھنے والونکے واسطے یہ کتاب بھی عجیب ہے دیکھنے سے حال
معلوم ہوگا حسن متانت مفہوم ہوگا ہر پنجشنبہ کو نیا مسودہ لکھا کرے اور لکھے ہوے کو کتاب مین
لکھ لیا کرے کہ الفاظ یاد رہین کوشش کرنیوالون کے دل شاد ہین جب وہ مسودہ باب تک

بسم اللہ الرحمن الرحیم

بعد حمد ایزد پاک و غفور و کردگار
خالق انس و ملک ارض و فلک عشق و نگار

اور نعت صاحب لولاک ختم الانبیا
احمد مختار محبوب خدا خیر الوریٰ

اور مدح آل و اصحاب ثقات راہ دین
جنکی قرآن مین صفت ہے دین کے ہین رکن رکین

سہل سی اک بہر نفع عام لکھا ہون کتاب
فارسی تازی و ہندی کی لغت مین لاجواب

نادر الترتیب نام اسکا ہے یہی ہے سب
ہین لغت بے حشو و زاید باتناسب اسمین اب

چھہ سو بارہ شعر تیرہ فصل و باب اسمین ہین
تھوڑے تھوڑے حاشیہ پر ہین لغت مرتب ہین

باب پہلے مین لغت ہین چھہ ہزار اور بیستان
دوسرے مین صرف سب اور نحو کا کچھ بیان

جسکو یہ اسکے طریقے کے موافق یاد ہو
لکھنا پڑھنا اور صرف آجائے اس شخص کو

جو اپنے فرزند نجم الدین احمد نے پڑھا
اوسکو تھوڑے سے دنون مین لکھنا پڑھنا آگیا

ہے عزیز الدین احمد نام میرا اور ظہیر
ہے تخلص اور بشر کیونکر خطا سے ہو مفر

اسلیے کہتا ہون سب سے دست بستہ معاف
گر خطا ہو کیجیے تاویل یا کیجیے معاف

ہیں علیم الدین احمد میرے والد ای فتا | اور جلیسر ہی وطن آباد اوسے رکھیے خدا

اول ہر مصرع خطبہ سے یا آخر سے لو | ایک حرف ان دو طرح تاریخ دو حاصل کرو

باب اول در بیان شش ہزار لغات بلحاظ مناسبات و درین ۵ فصل ست

فصل اول در بیان چند اسماے خداے قاضی الحاجات و کواکب و غیرہا و اوقات

حق حق جہان صمد رب نور احد اللہ خدا | اور پیغمبر ہی احمد محمد مصطفےٰ

وحی پیغام خدا ہی اور فرشتہ ہی ملک | مصحف و فرقان قرآن آسمان ہی چرخ و فلک

حشر و محشر ہی قیامت ہاویہ دوزخ سقر | اور بہشت و باغ جنت چاند مہتاب و قمر

آفتاب و شمس و خور سورج کسوف اسکا گہن | ماہ و ماہتاب و مہ خسوف اسکا گہن

بدر ماہ چاردہ ماہ شب اول ہلال | تارہ نجم اختر مجرہ کہکشان اوتر شمال

سو طرف دکھن جنوب و غرب و مغرب ہی پچھان | شرق پورب مہر سورج دھوپ پیسند سایہ چھان

چاندنی مہتاب ہی دھوپ آفتاب و روز دن نہار | اور اندھیری رات دیجور و سیہ تاریک تار

سانجھ ہی شام و مسا صبح و سحر فجر و پگاہ | رت ہی موسم وقت ہی چھن آن ہنگام و گاہ

ژالہ اولا پالا یخ جاڑا شتا سردی ہی برد | گرمی صیف و حر حرارت ہی غبار و خاک گرد

تند باد آندھی جھکڑ جھکڑ پون باد و ہوا | اور بگولا گرد باد و میغ ہی کالی گھٹا

برق بجلی ہی دھنک قوس قزح بادل سحاب | مینہ باران بوند قطرہ بوند کیچڑ گل خلاب

ریزش باران ہی بوچھار اور ڈیمہ جھڑ جھڑی
زلزلہ بھونچال ہی طوفان طغیانی بڑی

اوس شبنم ساعتہ ہنسہ سخت برکھا برشکال
ہفتہ اٹھوارہ مہینا ماہ شہر و عام سال

قرن جگ گزرا برس پر پار آیسال ابکا سال
اور کبیسہ لوند ہی اور عام قابل اگلا سال

دن ہی ایام و روز امروز آجکا دن رات شب
دوش گزری رات امشب آجکی شب کی گجر

یوم دن پرسون پریروز اترسن اور دیروز کل
فردا کل پرسون ہی پس فردا اتسیچ ہی زحل

شمس اتوار یکشنبہ دوشنبہ پیر ہی
اور سہ شنبہ منگل اور بدھ چارشنبہ تیر ہی

مشتری برجیس ہی اور پنجشنبہ جمعرات
زہرہ شکرا اور آدینہ ہی جمعہ ہفت سات

گھنٹہ ساعت لحظہ لمحہ پل پہر پہرا ہی پاس
اور منجم ہی نجومی تن بدن سر فرق درا

فصل دوم در بیان اعضا مع مناسبات بعض و ترتیب جسمی آنہا

کھوپری ہی کاسہ سر قحف بھیجا مغز ہی
عظم ہڈی پی عصب پٹھا ہی نادر نغز ہی

مانگ فرق و زلف گیسو جعد چوٹی بال مو
کنگھی شانہ آرسی آئینہ وجہ و چہرہ رو

ماتھا پیشانی جبین بھون ابرو و مژگان پلک
نور بینائی نظر چشم آنکھہ پتلی مردمک

موق کویا کنپٹی ہی صدغ ہڈی استخوان
نرمہ گدیا لوک لو سننا سماعت گوش کان

ناک بینی نتھنا منخر خد رخ و رخسارہ گال
موچھہ سبلت ریش داڑھی مستا آرخ تل ہی خال

کلہ گلپھ جیرا امشا یا فرہی چربی ہی شحم
باچھہ صماغ منہ دہان لثہ مسوڑا گوشت لحم

دانت دندان ناب کچلی و انیاب ضرس و خون لہو
گنج گو اہے زبان جیبھا اور دہانہ فم دہن
عنق گردن حنجر اسے نرخرا گدی قفا
ہاتھ دست شبر بالشت او نگلیاں انگشتہا
کھابی فوت انگشت نرا ابہام ہے بوری بنان
چھنگلی بنک انگشت وسطی ہے او نگلی بیچ کی
غرفہ چلو اور او نگلی اصبع و انگشت ہے
رسغ پہونچا ہے کلائی ساعد و ذرا ہے بل
صدر سینہ پسلی ضلع جنب پہلو و ندی
پیٹھ پشت و ظہر نس رگ پیٹ ہے بطن شکم
زہرہ پتا تلخہ صفرا انت ہے رودہ معا
قلب دل سن ہے عشا جہلی کلیجا ہے جگر
ناف سرہ سوہ کولا گود آغوش و کنار
ران فخذ اور گھٹنا زانو ساق پنڈلی پانو پا
قامت و بالا قد و اندام عضو و جلد کھال

کام تالو صوت آواز اور گلا حلق و گلو
لب شفت ہے ہونٹ اور ٹھوڑی ہے زنخدان و ذقن
دوش کندھا کتف شانہ ہنسلی اخرم ترقوہ
ظفر ہے ناخون ناخن پور پورا انملہ
اور سبابہ ہے انگشت شہادت مرفق جان
منگلی بنصر چھنگلی خنصر تالی دستک جان
کف ہتیلی حفنہ لپ اور مٹھی گھونسہ مشت ہے
مرفق و آرنج کہنی بازو ڈنڑ ابط بغل
پہلو کروٹ مہرہ منکا جوڑ مفصل بند ہے
کلیہ گردہ بولدان پھکنا مثانہ پوک دم
اور تلی ہے طحال و شش ریہ ہے پھیپڑا
کوکھ ہے کشح و تہیگاہ و میان خصر و کمر
اور سرین چوتڑ ہے چوتھا مغبن زیر و زہار
ٹخنا ہے کعب و شتالنگ اور ایڑی ہے پاشنہ
خوی پسینہ گام و خطوہ ہے قدم رفتار چال

فارسی ... قاموس

فصل سوم دربیان خویشان وغیرہم مناسب ایشان

رشتہ خویشی و قرابت الت و نسب پیوند ہے
سابن ختن شد ہین خسر سسر اختن داماد و جوائی

نوشہ دولہا کدخدائی بیاہ ہے ساتی عروس
سمدھی ہے ہمسلک اور سمدھیانہ ہے خسرانگی

سابنہ سمدھن قریب و خویش رشتہ دار ہے
اور خسرخانہ ہے سسرال اور بہو سنہا ہے

بھی لڑکی ہے صبیہ اور بیوہ نو دلہن
ثیبہ بیاہی سہاگن محصنہ عورت ہے زن

ضرہ و اباغ سوکن سوت ہے آفت بلا
اور شیرہ جج لڑائی عورتیں نسوان نسا

سنکہ بھابی بھاوج اخت الزوج ہے نند اور ننا
سلفہ دیورانی جیٹھانی اخت و ہمشیر بوا

حنیفہ دیور حمو حم شوہر میاں جانان سجن
نزنہ بہنوئی ہے سالی خازنہ خواہر بہن

سلف ہم زلف و خسر پورہ ہے سالا خاش
مادر ام آما ددا ہے حاضنہ مردم ہے ناس

کنبے والے ہیں ذوی القربیٰ اقارب اقربا
آل اولاد و عشیرہ نانا اور دادا نیا

باپ اب پدر دادا فر جد دادی جدہ اودا
اور پرپوتا ہے نبیرہ ول اور پوتا ابن ولد

آبا دایہ کہنا خویشاوند سب جملہ جمیع
بھائی منہ بولا برادر خواندہ و کوکہ رضیع

اخ برادر بھائی ہے عینی حقیقی ہے سگا
ابن ام اخیافی و علاتی بیٹا باپ کا

ماموں کا کو خال ہے ہمشیرزادہ بھانجا
اور بھتیجا ہے برادرزادہ اور عم چچا

پھپھی عمہ ستری حمی ہے اگوچہ جدہ مان و الجو
اور نواسا ہے نبیسہ نانی جدہ فاسدہ

موسی خالہ تاغہ خالو باوا ہے والد پدر — پوتا ہے سبط و نبیرہ بیٹا فرزند و پسر

بیٹا سوتیلا پسندر اور لیپالک دعی — اور ما سوتیلی مادندر عداوت دشمنی

بیٹی دختر بنت منگنی خطبہ و ہمسایہ جار — اجنبی بیگانہ غیر اپنا یگانہ رشتہ دار

زوجہ جورو اور منگیتر نامزد منسوب ہے — کواری بکر و باکرہ دوشیزہ نیکو خوب ہے

خادمہ ماما زچہ نفسا دائی قابلہ — اور عقیمہ بانجھ آبستن ہے حبلی حاملہ

فصل چہارم دربیان حالات و صفات انسان و متعلقات سلطان

پیٹ میں بچہ جنین اور دودھ پیتا ہے رضیع — اور لڑکپن طفلی و شوخی شرارت بد شنیع

طفل لڑکا سادہ رو امرد جوانی ہے شباب — اور جوان ہونا بلوغ و شرم پردہ ہے حجاب

خرد چھوٹا ہے جوان برنا ہے ترل انزعاج چھیڑ — اور بڑا اکبر کلان کہل و میانہ سال ادھیڑ

رنڈوا رانڈا ایم ہے بیوہ رانڈ بڑھیا پیرزن — اور بڑھاپا پیری کبڑا کوز پشت و جسم و تن

ٹھنگنا ہونا پستہ قامت پستہ قد لمبا طویل — اور نا زیبا برا ہے خوار و بے عزت ذلیل

خواری ذلت عز عزت داد دینا اہتمام — اور گذرنے والا فانی ہے ثبت ہمیشہ ہی دوام

زندہ جیتا زندگانی عمر ہے رہنا بقا — پیر بڈھا اور شیخ فانی بڈھا پھوس نسا

وقت آخر کی نصیحت ہے وصیت عظۃ وعظ پند — میل رغبت ہے پسندیدہ ہے مرغوب و پسند

غرغرہ جانکندن اودی دکھ منکی اونگ اونگنا نعاس — چپ خموش و ساکت و بیہوش مسلوب الحواس

فوت مرنا جسم مردہ لاش ہی مردہ مرا

موت مرگ و ارث میراث اور وراثت ترکہ گیر

نصف و نیم آدھا تہائی ثلث چوتھائی ربع

آٹھواں ثمن و ثامن ہشتم نواں تاسع نہم

کثرت افزونی ہی قلت بہت بسیار

ہدیہ تحفہ مشورہ کنکاش ہی نیکی صلاح

فرض واجب لازم و ازبس ضروری ہی اہم

وافر خیلی بسا و بس بہت کثیر اقل

دل ستانا ہی دل آزاری مصیبت ہی عذاب

چھین لینا غصب بد تر اقبح بالفعل اب

ڈر کی جا جائے خطر ظلم و جفا جور و ستم

مہربانی رافت الفت دوستی لائق لیق

یار صاحب اور مصاحب ہی ندیم و ہمنشین

دھاک ہیبت آبرو عزت جماعت ہی جتھا

ملنا آپس میں تلاقی ملنا جلنا اختلاط

اور جنازہ نعش ہی مرنا گزرنا ہی فنا

بانٹنا تقسیم حصہ بانٹ بس افزون کثیر

پانچواں خمس پنجم ششم حصہ سدس ہفتم سبع

اور دو چند و ضعف دگنا دونا دسواں عشر دہم

اور قلیل و کم ہی تھوڑا تو دہا انبار ہی

ناروا ناجائز و مشروع و جائز ہی مباح

اور روا جائز مساوی مستوی بے بیش و کم

اور بھلائی حسن خوبی کام ہی فعل و عمل

دل کا خوش کرنا ہی دلداری و نیکی ہی ثواب

اور عتاب رب خدا کا قہر ہی غصہ غضب

اور خاطر داری دلجوئی سخاوت ہی کرم

اور اہلیت لیاقت مہربان مشفق شفیق

اور حمایت ہی مدد حامی مددگار و معین

انجمن محفل خوشی شادی ہی چرچا تذکرہ

اور تلاعب چھیڑ چھاڑ آپس میں فرحت انبساط

نفائس اللغات برہان قاطع

چیستان لغز اور پہیلی ہی کہاوت ہی مثل
جہوٹ کذب اور جہوٹا کاذب ہی خجل ہی شرمسار
خیر نیکی حب و اخلاص و محبت مہر پیار
مہربانی دلنوازی رحم لطف و عاطفت
یاوہ گوئی حجحق و لقلق ہی بحیا بمجیل
نفرت و نفرت ہی بیزاری غصیلا تندخو
ناموافق ہی مخالف خصم دشمن غصہ خشم
سنگدل ہی سخت دل اور رشک و کینہ کہٹ ہی
سنگدل بیرحم جان دلدار جانان دلربا
مرد بیزن ہی عزب اور گول و احمق بیوقوف
مکر کرنیوالا مکار و چغل غماز ہی
بہید پوشیدہ ہی سر مخفی خفی خفیہ نہان
عقل دانائی فراست فہم درک اٹکل قیاس
دانا عالم دیکہتا بینا ہی دانائی خرد
بد برا بدکار فاسق فاجر و مدہوش مست

جاننا علم و جہالت جہل ہی نقصان خلل
صدق سچ صادق ہی سچا یار گاڑہا یار غار
اور نبہانا ہی وفا مخلص محب و دوست یار
بات گفتار و مذمت ہجو ہی مدحت صفت
یاوہ گو واقزن تلی ایاڑ ہی گپ ڑل
بغض و بغضا بیر بیری دشمن و شاحن عدو
اور گہمڑ کنا زجر بیر و بیمروت تو تا چشم
آشنائی دوستی یاری مودت انس ہی
یار مونس آشنا اور غیر ہی ناآشنا
کٹنی دلاّلہ ہی اور چالاک دانا فیلسوف
ذکر چرچا یا دہبیدی رازدان ہمراز ہی
اور علانیہ ہی کہلم کہلا اور ظاہر عیان
مدح تعریف و صفت ہی حمد ہی شکر و سپاس
کور اندہا کانا یکچشم اچہا نیک و عیبی بد
لال گونگا لنگ لنگڑا لنجا شل پا بہن ہست

بھینگا کاژ احول چپیپہ کہا ہی اَلثغ توتلا

چندا شبپر چشم ہکلا فافا ہی خندہ ہنسی

نجم کی خمیازہ انگڑائی ہی اور ہچکی فواق

آنکھیں دُکھنا ہی رمد کہجلی خارش غم حزن و رنج

گلٹی غدہ پھوڑا دمل سوجن آماس و ورم

رینٹ مخاط و سرفہ کہانسی تہوک تف لیق و بصاق

تلخہ پت ہی غشی شلی ردی استفراغ قی

آدھا سیسی ہی شقیقہ اور درد سر صداع

غب تجاری باری نوبت حمی تپ تپی ہے شب

حکہ کھجلی خارش تر ہی جرب قوبا ہی داد

خستہ گھایل زخم گھاو ریم پیپ آفت وبال

طول لمبا و عرض چوڑا چوڑا ہی عریض

چارہ درمان منفعت ہی فائدہ قسمت نصیب

آزمودہ ہی مجرب ممتحن دارو دوا

گرسنہ بھوکا اگھایا سیری بہجت سرور

کج دہن ہی ٹیڑھ منہا کر بہرا اور دو ہیلا

اور قشعریرہ پھریری اور غلیغ گدگدی

چھینک عطسہ اور فازہ ہی جماہی سختہ شاق

گل ہی گنجا تبر ہتیلی تیس تیر و سفغہ گنج

ڈھلکا دمعہ ناخنہ ظفرہ وجع درد و الم

اور انگائی تہوع اور حلقوری خناق

اور مالیخولیا سودا ہی مرگی صرع ہی

اور سل و الا ہی مسلول اور بدا رخصت وداع

کھسرا حصبہ سرخچہ جدری ہی چیچک موتیا

آتشک گرمی پھپھولا آبلہ مدہ ہی راد

اور عصابہ پٹی بھرنا زخم کا ہی اندمال

روگ بیماری مرض روگی ہی بیمار و مریض

آزمایش تجربہ بید اور پزشک آسی طبیب

دکھ الم جلاب مسہل اچھا ہو جانا شفا

اور ہوس حرص و تواضع آدرا اور نخوت غرور

۱۱

حکم برداری اطاعت عاجزی عجز و خشوع ‌‌ تشنگی پیاس اور عطش ہی گرسنگی ہی بھوک جوع

تشنہ پیاسا ہی سراسیمہ پریشان بی قرار ‌‌ اور اطمینان تسلی بیقراری ہی اضطرار

گھونٹ جرعہ ہی نوالہ لقمہ و تخمہ کہکار ‌‌ مضغ و خائیدن چبانا ہی چشانا اجل دکار

آکل کھانا اور خورانیدن کھلانا دین داد ‌‌ داتا فیاض و سخی راد و غرض مطلب مراد

محسن احسان کرنیوالا داد و بخشش ہی کرم ‌‌ اور نہیں انکار ہیٹ اصرار ہان آری نعم

ذمہ داری ہی کفالت اور ضامن ہی کفیل ‌‌ چوز صرفہ بخل ہی کنجوس ہی ممسک بخیل

بدمزاج و تندخو بدخو عداوت لاگ ہی ‌‌ اور رجل مرد و نصیبہ بخت و طالع بھاگ ہی

بخت ور صاحب نصیبہ پونجی سرمایہ متاع ‌‌ اہل جرات صاحب ہمت بہادر ہی شجاع

بزدل و عنین ہی نامرد اور مردانہ دلیر ‌‌ سوچ اندیشہ تذبذب دو دلی تاخیر دیر

سست کاہل مستعد آمادہ نیر و تیز دل ‌‌ پیچ بند و فربہ موٹا سپاہی دان ہی گرد دل

دھوکا خدعت اور لڑائی کارزار و حرب ہی ‌‌ پیچ فن مستولی غالب مار زد اور ضرب ہی

سخت سا گھسا لپٹ کشتی دلاور ہی شجاع ‌‌ ریت رمل اور ریگ اکھاڑا اجرک جمگھٹ اجتماع

زور قوت زوروالا ہی قوی جنگ حرب ‌‌ دبلا لاغر ناتوان کمزور بیچینی ہی کرب

پارہ رشوت ناتوانی ضعف ہی طاقت توان ‌‌ ضیف مہمان اور ضیافت کرنیوالا میزبان

آس امید و ناامیدی یاس نا طاقت ضعیف ‌‌ ہول ڈر لڑنا ستیزیدن نہی ہم پیشہ حریف

ادھ جموا ہی نیمجان ڈر ترس دو ٹکڑے و نیم
ہوشیار اور جاگتا بیدار طاقت تاب ہی
سپنا خواب و حلم ہی تعبیر ہی تاویل خواب
بردباری حلم تہا طیش ہی غیظ و غضب
خادم و تلمیذ شاگرد و معلم اوستاد
لکھنا پڑھنا ہی نوشت خواند لابد ہی ضرور
چھٹی و مہلت لوح تختی لکھنا تحریر و رقم
صوف لیقہ ہی دوات آمہ سیاہی ہی رکاب
ڈھیلی ہی و سلیمین ... طبق ہی ماوا آبار
لکھنا ہی تسطیر و ترقیم اور منشی ہی دبیر
بے پڑھا ناخوانده و کند ہین بد ذہین و غبی
امّی ناخوانده پشیمانی تاسف سہو بھول
بیقراری اضطراب و مضطرب ہی بیقرار
گروی رکھنا رہن ہی تسکین تسلی عقل مت
ساہ ساہوا اور بیاہی سود سفتہ ہندوی

تھرتھری لرزہ ہی ڈگڈگ انت بجنا خوف و بیم
نائم و خفتہ ہی سوتا نیند نوم و خواب ہی
ہوشیاری جاگنا بیداری ہی گنا حساب
بی ادب گستاخ خو عادت مؤدب با ادب
اور مکتب ہی دبستان قاعدہ گر حفظ یاد
اور آموزش سکھانا ہی سمجھ فہم و شعور
کاڑد و سکین چھری ہی کلک و خامہ ہی قلم
اور کاگد کاغذ و قرطاس نسخہ ہی کتاب
اور لڑ و جبت جیب سی ہی اور گنج ہی جیب دار
بیچنا واقف نا واقف خبردار و خبیر
اور بڑا عالم ہی علامہ ذہین زیرک ذکی
چاپلوسی ہی خوشامد شاد خوش غمگین ملول
قرض دین و وام مدیون دیندار و قرضدار
گھر کا سامان ہی اثاث البیت عزت قید بت
کیسہ تھیلی تھیلیا ہی اشرفی ہی مغربی

فلس پیسا ابھیرہ کھوٹا ابھیرہ ناقص کھرا
نوع قسم اقسام قسمیں اور بضاعت ہی متاع
مشترک شامل خزانہ دار و خازن فوطہ دار
خرچ بیجا کرنے والا مسرف کم ظرف دون
مفلس و محتاج مسکین ہی توانگر ہی امیر
جاہ خواہش آرزو ارمان بھکاری ہی گدا
لالچی طامع طمع لالچ قسم سوگند سوگن
سہل سہتی یسر آسانی و آسایش ہی چین
مشتبہ مشکوک ہی شک شبہہ ریب اشتباہ
ظن گمان زعم و یقین ایقان طلب ابا سوال
تشویش و تصور دھیان ہی نسیہ ادھار
سعی کوشش اور سفارش جستجو تفحص و تلاش
مالک آقا اور تجارت تجر ہی سوداگری
فائدہ نفع و ترقی بڑھنا گھٹنا ہی زوال
قافلہ ہی کاروان اور طائفہ قوم و گروہ

روپیہ مبلغ ہی چاندی سیم سونا زر طلا
داوری و ثالثی پنچایت اور جھگڑا نزاع
اور نو دولت ہی نوکیسہ بھیڑ و رمہ اعتبار
خرچ صرف اسراف بیجا صرف ہی اور بدزبون
فقر محتاجی گدا درویش و طالب ہی فقیر
اور سائل مانگنے والا طلب ہی مانگنا
اور زیادہ لالچی طماع پاجی سفلہ دون
شادمانی ہی خوشی داد و ستد ہی دین لین
ناگہان ہی یکبارگی گاہی گاہی بہ گاہ
لاج ہی شرم و حیا شرمندہ ہو انفعال
اور کوشش ڈھونڈھنا اور کام مطلب شغل کار
دخل آمد [illegible] روزینہ و روزی معاش
اور خدمتگار خادم نوکری ہی چاکری
اور زیان ٹوٹا ہی سوداگر تاجر غم ملال
اور رحلت کوچ ہی اور کوس ہی میل و گروہ

غربت جلا منزل ہی اور پردیس ہی ملک غریب
راه رو راہی وطن دیس اور منزل ہی مقام
راه رسته جاده پگڈنڈی سڑک ہی شاہراه
جمعه مسجد مسجد جامع ہی اور مسجد بیت
صوم روزه زہد تقوی پارسا پرہیزگار
شیخ پیر اور لٹھیا لاٹھی چوبدستی و عصا
سیوا خدمت اور نزدیکی ہی قرب نزدیک
امن کی جا مامن و ملجا امان امن پناه
رایگان ضائع مہوس کیمیا گر حرص آز
دشت جنگل حرحر و صید اہیر اور کہار
بھوت دیو و غول کوہک کو بچہ چھوٹا پہاڑ
سایہ ہی آسیب اور ویران او خستہ ڈہہ
یکسا یکسان و ہموار اور گڑھا گو غار ہی
عثره ٹھوکر گرنا افتادن وان ہی دو رتا
ضحک ہنسنا ہنسنے والا ضاحک وا آرام سکھ

اور سسر احما لنسر گھر پاس نزدیک و قریب
اور پردیسی مسافر ہی ٹھہرنا ہی قیام
اور کشاده ہی کھلی چوڑی مصلی عیدگاه
اور عبادت بندگی پوجا پرستش رسم ریت
اور مصلی ہی نمازی اور صائم روزه دار
رہنمائی ہی ہدایت پیر ہادی رہنما
بعد دوری و زیاده دور ابعد ڈیرا
بیجد بے احتیاط و خوار و خستہ ہی تباه
اور اطیمہ ہی الاؤ جھونپڑا ہی کوخ و کاز
اور ٹیپر دشت ساده اور بنجر خشکبار
اور دره گھاٹی جبل ہی کوه ویرانی اجاڑ
اور خذف ہی ٹھیکری ریتہ سبیل و ریگ
صاف ہی شفاف نیچا اونچا ناہموار ہی
اور روان چلتا نشستہ بیٹھا استاده کھڑا
اور تبسم مسکانا گریہ رونا درد دکھ

رونا ہے ابری و بکا نالہ انین و آہ ہای
خبطی و مجنون ہے سڑی بیدل ہے عاشق مشتاق شیدا
پورا کامل ناقص ادھورا پورا ہونا ہے کمال
ملنا آپس میں ملاقات اور کیفیت مزہ
خوف ہیبت شکوہ آہٹ وسوسہ وہم و گمان
تعزیت پرسا ہے نوحہ ماتم آنسو اشک ہے
حیل دغا حیلہ بہانہ شکوہ و شکوے گلہ
خود غرض خودکام گونگیر ہے طلب آشنا
سعی تگ و دو تگاپو اور جتن تدبیر ہے
بے بسی بے اختیاری قابو قدرت اختیار
آمد و رفت آنا جانا پھرنا عود و واپسی
چٹھی نامہ خط رقیمہ اور سند لیا ہے پیام
پی بہ پی ہیم دمادم دمبدم ہمراہ سنگ
صدمہ تکلیف مصیبت آہ تکنا انتظار
بوسہ مچھی بول لفظ و صیغہ و پاسخ جواب

اور جنون سودا ہے دریغا حسرتا افسوس وای
عہد پیمان ہے ہجر دوری اور وفاداری نباہ
اور ملنے والا واصل ملنا ہے وصل و وصال
دغدغہ کھٹکا سرای غیر ہے گھر غیر کا
مژدہ خوشخبری رہائی چھٹنا خرم شادمان
مکر زرق و کید جلنا دوسرے سے رشک ہے
اور شریک انباز شرکت ساجھا مطلب مدعا
سہج سہل آسان کٹھن مشکل تمنا آسرا
اور وقار و عزت توقیر اور کرم تقدیر ہے
اور کوشش اہتمام و بیقراری انتشار
راضی خوشنود و رضا خوشنودی تسلی ہے
ڈاک یام و پیک قاصد نامہ بر مقصد مرام
سرعت و تعجیل جلدی دیر ہے مکث و درنگ
یاری صحبت باہم آپس میں ہے اور وعدہ قرار
نطق گویائی سخن بات اور جھپٹ و شتاب

قصہ و نقل و حکایت ہی کہانی بھید راز
کانا پھوسی نجوی سرگوشی ہی آگے رو برو
نیک سیرت نیک عادت بھلا مانس شریف
جہد و کوشش تندہی ہی اور تفحص ہی ٹٹول
ٹھٹھا گنگل شوخ چنچل دلربا محبوب ہی
ناز سے چلنا تبختر ہی چھیلا نخرا ہی ناز
سانولا ہی سبزہ رنگ اچھا حسن گورا صبیح
عیب بینی عیب جوئی نکتہ چین ہی عیب جو
لہجہ طرز گفتگو و بہتر احسن خوش بھلا
ماہرو و خوش لقا و خوبصورت ہی حسین
بدخو و بدسیرت و کج خلق بداخلاق ہی
دوسرا ثانی مثال و مثل مانند و عدیل
نازنین نازک بدن اکا ہی یکتا بعدیل
حسن خوبی ماہ رخ مہ رو بھلا طیب حسن
دھوم شہرہ عنفوان جوبن جوانی کا ابھار

اور نزاکت نازکی انداز ادا ہی لاڈ ناز
شرمگین شرمیلا لبتاک تابکی سیرت ہی خو
خندہ رو ہنسمکھ ہی اور خوش طبع دانا ہی ظریف
قہقہہ جیلا کے ہنسنا مسخرہ مازح ٹھٹھول
خو ہی خصلت اور مروت خلق اچھا خوب ہی
خود نمائی و مرح اترانا سازش جعل و ساز
اور ہیئت شکل و صورت زشت نازیبا قبیح
پیٹھ پیچھے بد کہنا ہی غیبت اور باتین گفتگو
اور برائی ہجو و ذم وصف ستایش ہی ثنا
زشت بد کالا سیہ فام و دنی ناکس کمین
بے شبہ بے مثل بے مانند اکا طاق ہی
اور لاثانی ہی یکتا خوبصورت ہی جمیل
گلرخ و گلچہرہ گلرو یارا مودود و خلیل
اور بہت اچھا ہی احسن گلبدن گلساں بدن
فتنہ و آفت قیامت و آرایش سنگار

کجل سرمہ دودہ کاجل ابٹنہ غازہ غالیہ
گہنا زیور گھنگرو زنگولہ ہی طرز انداز ہی
بندا آویزہ لڑی لڑ سلک جھومر و عکسہ
پونہچی دستینہ ہی کنگن یارہ زیور حلی
حلقہ بالا نتھہ زمام و سلسلہ زنجیر ہی
پایزنجن حجل پازیب اور پانو کا کڑا
موتی در گوہر شہ گوچھہ اور دھن دولت ہی مال
نگ نگینہ فص انگوٹھی خاتم و ہیکل ہی ہار
چھب ادا زیبا سجیلا جان صنم معشوق ہی
ملک اقلیم و ولایت کشور و بلدہ ہی شہر
گیتی گیہان جہان کون عالم پرتھی جگ
بستی ہی آبادی و معمورہ اور خرم ہی شاد
ظلم بیدادی و ظالم جائر و بیداد گر
دبدبہ سطوت عمل راج اور تمکین و فر و جاہ
بارگہ دربار و نوکر چاکر و نایب وزیر

پان ہی تنبول سرخی لالی مہندی ہی حنا
حرز ہی تعویذ اور جڑیا مرصع ساز ہی
گوشوارہ ہی کرن پھول اور سہانا خوشنما
اور زر اندودہ مذہب بیش قیمت قیمتی
اور حمائل بدھی مورت پیکر و تصویر ہی
اور مرصع ہی جڑاو چھلا ہی فتخہ کچھہ
ہنسلی طوق الماس ہیرا کہان کان و لعل لال
زیبا موزون زیب زینت و رونق و جوبن بہار
کوچہ برزن کو گلی بازار منڈی ہی سوق
گانو قریہ بادشاہی سلطنت دنیا ہی دہر
متصل نزدیک ہی قرب اتصال و دور الگ
دادگر عادل ہی منصف اور عدل انصاف داد
ڈرنے والا خائف اور رعیت رعب ڈر
اور دار السلطنت ہی پای تخت و تختگاہ
سان سامان شان شوکت تخت اورنگ و سریر

شاہ سلطان و خزانہ گنج ہے دیہیم تاج
سرور و سردار سید باج محصول و خراج

گلہ ریوڑ ہے شتر اونٹ اور ہے صف قطار
ٹوئیا یوبیہ ہے اور فارس ہے گھوڑے کا سوار

معرکہ رن نصرت و یاری مدد قابو ہے بس
اور لشکر جند و عسکر گھوڑا رخش اسپ فرس

چھاپہ شبخون حملہ صولہ ہمت نیت آہنگ ہے
پیچھا کرنا ہے تعاقب اور لڑائی جنگ ہے

ساجھہ پیہم تفنگ بندوق ارادہ قصد عزم
اور نشانہ ہے ہدف گولی گلولہ جنگ رزم

زخمی و مجروح گھائل جنگلیش جنگ و جدال
حملہ فرصت وار باہم قتل کرنا ہے قتال

فوج و لشکر ہے سپہ نظم و نسق ہے بند و بست
جنگ ہیجا ہے ہزیمت بھاگنا ہے اور شکست

جیت ہے فتح و ظفر اور فائدہ ہے انتفاع
اور غنیمت لوٹ جھگڑا خرخشہ مایہ متاع

خیمہ ڈیرہ عبد بندہ لونڈی باندی ہے کنیز
اور دلبا دل بڑا ڈیرا کم اندک شے ہے چیز

سب ہمہ آزاد حُر کا کا غلام زر خرید
بیوفا بمہر و بے سا کھا خبیث و بد پلید

فیلبان ہے ہاتی وان انکس کجک ہاتی ہے فیل
سونڈ ہے خرطوم ہاتی دانت ہے دندان پیل

اونٹ ہے اشتر محمل کجاوہ جھول جُل
اور محافہ ڈولی مرکب ہے سواری شور غل

کوس نقارہ شکوہ و مرتبہ حشمت حشم
نیزہ بھالا ہے پھریرا پرچم و رایت علم

زہ و تر چلہ کمان قوس خدنگ و سہم تیر
اور سنان بھال اور جراحت ریش گھاؤ و درد پیر

جعبہ ترکش تیردان سوفار ہے منہ تیر کا
تیغ ہے تلوار اور ساطور و دشنہ ہے چھرا

غلام چھوکری کنیز
پرستار این لفظ ... مطلق

نوک خنجر پیلا ہی خنجر و شمشیر سیف
خالی رفتن خالی جانا حسرت و افسوس حیف

موٹھہ قبضہ تیغ صمصام و سپر جنّہ ہی ڈھال
مزد اجرت سخرہ بیگار اور عسس ہی کوتوال

بیڑی جولان قیدخانہ سجن ہی قیدی اسیر
گالی دشنام و شتیمہ شوخ بیباک و شریر

ڈنڈ تاوان دار سولی اور سزا تعزیر ہی
شر بدی انسان بشر آدم خطا تقصیر ہی

ڈھیٹ خیرہ ہی ڈھٹائی خیرگی ہی ڈھنگ طور
اور نڈر بیخوف و امن ہی تعدی جور

قتل عمدا خون دانستہ دیت ہی خونبہا
خون کے بدلے خون قصاص و امر حق حکم خدا

منتقم ہی بدلا لینے والا بدلا انتقام
میل صلح و آشتی اچھی طرح رہنا سلام

ایک ہونا اتحاد و برخلافی اختلاف
منحرف باغی و برگشتہ بغاوت انحراف

مذنب و مجرم گنہگار و گناہ ذنب و جرم
بھاگنا فر و فرار و حاکم آمر غصہ خشم

دادخواہی ہی دہائی عفو و بخشش مغفرت
آشنائی معرفت پہچان رتبہ منزلت

کھائی خندق قعر گہراؤ و در و قلعہ حصار
اور بیرون باہر پیادہ پیدل اور راکب سوار

دوڑھی بان دربان در دروازہ و واسع فراخ
آستان چوکھٹ درون اندر محل ایوان و کاخ

فصل پنجم در بیان مکان و متعلقاتش و سامان

بیچ وسط و درمیان ہی حاق بیچون بیچ ہی
کونا گوشہ ہی بلندی اونچ پستی نیچ ہی

فوق اوپر و تحت نیچے پیچھے پس آگے ہی پیش
اور قابض ہی دخیل و دخل قبضہ اپنا خویش

دہنی جانب ہی یمین یسا بائیں جیسا

ثمن سیدان چوڑا پہنا سکرا ضیق تنگ ہی

لادہ ردہ ہی گلابہ گارا مسر لادہ مندیر

نیو رکن دیوار حائط سوٹ دھنی تیر بام

کنگرہ کنگورہ چھجا گنبہ و بازان گریز

بازو چوکھٹ ہی دریواس زینت خانہ

مکڑی پرچک ولتی جلجل جیر چھپر بنتین

ناکا حد جانب طرف کھڑکی دریچہ نوخذتہ

چوکی دروازے کی رف پھاٹک سیج نغمتہ با

عالی اونچا اور اچنبا ہی عجب حیران دنگ

ابیض و بیضا سفید اوجلا ہی اور خالص نرا

لالی حمرت سرخ و احمر لال سو بارنگ فام

خط لکیر اسود و سیہ کالا ہی نقشی نقشدار

احمر قانی بہت احمر سیاہی مایل

تابان شمسہ اجالا روشنی پیدا عیاں

کوٹھری حجرہ کرہ اقلاب مضبوط استوار

گھیر احاطہ کھم ستون کن انگنی اوشنگ ہی

گاودم مخروط گنبد برج تودہ نبر ڈھیر

سقف چھت شہتیر لٹھا بام کوٹھا پورا تام

رستی ہی سیڑھی اور پنالہ میزاب آبریز

تختۂ در ہی کواڑ اور زینت ہی باب بند

اور مدرر و موری نیچی پست ہی دھرتی زمین

قفل تالا کنڈی ہی زنجیر در کنجی کلید

طارم اٹا ممٹی تھونی ارجک و قبہ کلس

بیل بوٹا ہی نگار و نقش رنگت لون رنگ

نیلگون نیلا ہی خضرت سبزی سبز اخضر ہرا

زردی صفرت زرد اصفر کاہ پختہ کچا خام

اور کالک ہی سیاہی نقش لکھنا او نگار

اور سفیدی ہی بیاض و رنگ تاب

او گرمابہ ... تمام اور پوشیدہ نہان

چھینٹ چھکلیہ گلی زغلہ اور غرارہ غرغرہ — اور نہانا غسل ہے ورد لگ ملنا جسم کا

میل چرک و وسخ ہی داتون مسواک شوک — او نجس ناپاک دہونا شست و شو طاہر پاک

بول پیشاب و رقد مچہ کھڈی کھور افر بلبہ — اور پاخانہ براز و غائط و بیت الخلا

نردبان و زینہ سیڑھی آزر و نکل ہی ساع — اور بورچیخانہ مطبخ پائے ہین پاچہ کراع

گیتھا اینتا گران تو جھل ع کندہ یر برو — اور بورچی مطبخی و حطاب ہی ہیزم فروش

کوت اندازہ ہی اور قسطاس تکہ جوٹی ہی را — ہیمہ و ہیزم ہی ایندھن اوپلا پاچک کاہ گھاس

آنچ آتش تخمہ انگار جھبر لنا اشتعال — شعلہ او نخبر انگیٹھی کوئلا فحم و زگال

بملہ بھوبل الگہہ خاکستر ہی بجھنا انطفا — اور کٹر غان ہی کڑھائی تابہ طابق توا

خوب دیگ گلین ہانڈی ہملا یہ — اگ آتش باد دیچ و آب پانی مٹی گل

باذن سیخ و شیر جنگاری چولھا دیگدان — بھاپ دود دیگ کفچہ ڈوئی کھرچن بکردان

دیگ مرجل قدر ہی ڈھکنا غطا سرپوش ہی — نانخورش سالن بگھار اور خزیرہ غنجہ تہ

دہن و روغن تیل ہی میدہ سمید سمن و گھی — اور نورک ہی سنبوسہ دیگچہ

روغنینہ ہی پراٹھا کوفتہ کوٹا کباب — اور مزہ ہی طعم و لذت ذائقہ

میٹھا حلوا پوری خلیک چہرہ تک اور سالن ادام — خبز روٹی روغنہ چیڑی ہوئی

حال کا تازہ شبینہ باسی باٹ اتکا — اور بیرو غن آدہ بالا ید مزہ

خرسہ پت اجھوانی اور روڈ پیتلی ہی فطیر
آرد آٹا خشکی پریشم جانہ بیڑا روٹی نان
زاد توشہ ہی کلیجہ کلیجہ سوکھا گوشت قاق
ہے چمچہ قاشق اور پیالہ جام ہی لبنیہ کھیر
چھاج ہی دوغ اور دہی جغرات ہی جعرجعر
مسکہ مکھن ہی بھیو ندی ہی سیخچہ گوشت وباس
دھنیا گشنیز نصبل و فصن پیاز و عدل کو
زرد چوب زرد چوبہ ہلدی ہی دھنیا گزبرہ
دار صینی دار چینی اور ساذج تیز پات
ہیل ہی چھوٹی الاچی اور الاچی قاقلہ
چرب چکنا اور چکنائی دسومت تیز جاد
تلخ کڑوا تلخی کڑواہٹ تفہ ہی بے مزہ
کھٹا ترش و حامض ور میٹھا مزنشی کھٹا
انگبین شہد و عسل نبات نبات در کتناب قند
نا طعت و خبیط قبیطی گجک اور ریوڑی

آرد آغشتہ ہی آٹا گندہا ماہوا خمیر
سفرہ دسترخوان و سیع و خمس عمدہ خوان
چوبہ سوق ور دیہ بیلن چپاتی ہی رقاق
نعمت امرت اور ماہیچہ سویاں دودھ شیر
اور شمہ خرسا ملائی ہی فلہ پیوسی
پیہ چربی ہی عفونت بدبو بوچ باس
مرچ فلفل زیرہ کموں و نمک ہی ملح لون
لونگ ہی میخک قرنفل تیز لذت چرپرا
زنجبیل سنر ادرک بوٹی ہی نبت نبات
اور توابل ہی مصالح اور مرق ہی شوربا
اور گڑ قند سیاہ و نا موافق ہی منفا
اور عفص بکسا کسیلا بوگرفتہ ہی سڑا
شور کھاری عذب شیریں رحلاوی ہی میٹھا
اور کتیتا ریوڑی شکر شکر فانید قند
برغی صابونیہ صابونی حلیبی حلقی

بی غل وغش صاف خالص اور مصری ہی
ماست حنزات اور کھچڑی کچری کشری و
چھچورلیت پارہ ٹکڑا اردھی وٹی ہی قفا
جھولے گدے دلمل و بریان بھنا ستو سویق
ملنا مالش صافی پالونہ ہی مالیدہ ملا
چلنی غربال اور بہت باریک ادق و مہین سا
پیسنا گھسنا ہی سائیدن ہی چکی آسیا
کوندا لاوک ہی مگسران چوری پنکھا باد زن
تھالی تسلا طشت اتھلا ہی اور گہرا عمیق
کوزہ لوٹا لول ٹونٹی ظرف برتن پر بھرا
آفتابہ آبدستان آبخورہ کوب ہی
سادہ ساذج ہی منقش نقشی زیبا خوشنما
رہتا ہی خالی تہی معکوس اوندھا نونیا
دبہ کپا بند ہی مسدود پنہان ہی نہان
یونی سمجھ آم ردم رکھا فلکہ تکلہ دوک ہی

اور شیرینی مٹھائی ہی پدہ خشکہ ہی بھات
اور اچار آچار ہی چٹنی چشنہ عمدہ نفیس
اور دلیا ہی جریش و ناشتا ریق و نہار
اور گاڑھا ہی غلیظ و دفرک اور پتلا رقیق
ثفل پھوک اور پھوگ ہی بیختہ چھنا ہوا
اور بھوسی ہی سبوس دسوہ سائیدہ پسا
قطب کیلی کوبہ موسل کوفتہ کوٹا ہوا
غلہ افشان چھاج سوپ اور طاس ہی تسلا لگن
اور استعمالی مستعمل پرانا ہی عتیق
اور سبوچہ ٹھلیا خم مٹکا سبو جرہ گھڑا
اور گنجایش سمائی چاہیتا مطلب ہی
بیش قیمت ہی بڑی قیمت کا ستام بہا
رسّت سیدھا اور لبالب ہی کنارے تک بھرا
چرخہ رہٹا ہی سبک ہلکا ہی بھاری گران
اور کلاوہ اٹیا گڑی گنتہ و فرموکہ ہی

گالا یا غنده ہی دهنکی منده فهر لیسه رواں — اور اٹیرن چنگلوک اور سو غزل و ریسمان

رشته ڈوره سوزن ابره سوئی تاکا ہی خرت — درزی خیاط اور بل ہی تیپچی فوراً ہی ترت

گاز ادر مقراض قینچی بیت قطع و تنگ جست — دوخت سینا اور سیاہی دوخته اچها درست

لای ته دو بهر دولائی پیرہن کستو لباس — اور چٹائی بوریا ہی ٹاٹ او کمل پلاس

محفل مجلس ہی بزم و خرمی عشرت نشاط — اور غالیچه ہی قالین اور بچهونا ہی بساط

مسرجه دیوٹ زبانه لو دیا دیپک چراغ — اور شمع موم فتیله ہی دهبا لکه و داغ

گازه جهولا پالنا مهد و ترنج جهولنا — ہلنا جنبش ستر پرده چادر اور چادر ردا

پگڑی ہی دستار اور رومال ہی دستارچه — اور کلی دهجی ترز اور کپڑا توب پارچه

ذیل دامن ہی قبا چپکن ہی پاجا ازار — پاٹ تخته اور اکیٹی چادر گور لیطه خمار

جامه کپڑا اور کرتا ہی قمیص و رتبه جاه — ذل ذلت ہی گلوته ٹوپ اور ٹوپی کلاه

ننگا عریاں و برہنه اوٹ پرده عار ننگ — دهالنس تجیر پانه فانه چارپائی ہی پلنگ

گدہی مسند تکیه بالش گاو تکیه مسنده — اور نہالین توشک اور سرہانه بالین بهلا

پنبه محلوج و ملائم نرم لین صافی صاف — اور ابره آستر استر ہی شادیچه لحاف

گٹھری بردنده مشجر اوڑهنی نقچه صوان — چاندنی فرش سفید گز ذراع و توب تهان

سقف سنگین چهپر چهپر الپلسل تنک باریک ہی — گنده موٹا رقعه پیوند و برابر ٹهیک ہی

زندہ بادامہ مرقع گدڑی ہی اور کمل گلیم — کہنہ یا رینہ دریدہ ہی پھٹا چرم ادیم

خف موزہ پاچکہ پاتابہ زیبائش بہا — اور سنہری ہی طلائی اور زرین کا مدار

کفش جوتا ہی روپہلی نقرئی جوڑا ہی جفت — اور بھاری ہی بیش قیمت سستا ارزان سہنیت مفت

سستا پن ارزانی کوشک کوشک قصر کا ہی — اور مہنگا پن گرانی ہی سوان شاباخ ہی

فصل ششم در بیان غلہ و بقول و فواکہ و ادویہ وغیرہا فصول

ناپنا پیمودن پیمانہ کیل و وزن تول — ناج غلہ تولہ وزان زن کش قیمت ہی مول

ڈنڈی ہی شاہین پلڑا پلہ کفہ سنجہ باٹ — اور میزان ہی ترازو سیر من بازار ہاٹ

بنیا ہی بدال و بقال اور طریقہ ہی چلن — بھاؤ نرخ و ہر سے روکن بہا قیمت ثمن

سائی بیعانہ گران مہنگا نمونہ بانگی — بیچنے والا ہی بائع اور گاہک مشتری

بیٹیا ہی خور خوراک قوت ہی رزق معاش — گندم و حنطہ گیہون قلت کلتھی ارد ماش

مونگ ماش و مج نخو ماش و رشا حل توبرا ہی — اور چنا حمص نخود و کرسنہ کشنک مٹر

دھان شلتوک و برنج و ارز چانول جو شعیر — اسنک مرجو بک عدس تلسن مسو السی زغیر

ماش ہندی تھہ کلتھی جوار ہی زرت ذرہ — کودو کدرم خندروس حنبطہ رومی مکا

منڈوا قسماح اززن گاورس چینا باجرا — گال کنگنی و جن چینا مہمنا سسلیم گرہ

پنبہ دانہ ہی بنولا قطن و پنبہ ہی روئی — رائی خردل تل ہی کنجد کسب کنجارہ کھلی

مخلبہ میتھی بقلہ سرشف ہی کانی ت ہی فصل
ثونا فرع مرکدو ہی فسنع میٹھا نردیہ
بتھوا اسپرمق اروی قلقاس اور بھنڈی میا
پالک اسپاناخ ہندب کاسنی اور ہندبا
خرزہ گدہی ہی چقندر سلق لسن ثوم سیر
لادنہ سن ہی کرم کلا کرنب اہلی حمر
کچری ستبوسہ رس افشردہ کتا غشیکر
بیل القطین بیارہ ککڑی قثا و خیار
خربزہ بطیخ خربوزہ مزے کا خوش مزہ
حنجب و ہندوانہ تربز بھوٹ صحرائی خیار
اینلہ اہلی خستہ گٹھلی بیر ہی نبق و کنار
پہلا پھل نوباوہ و باکورہ نورس ڈال کا
خوخ و شفتالو ہی آڑو تین انجر انبج ام
آنب انبہ نغز گا ور گولر ہی جمیز و حمیز
نیبو لیمو لیموی شیرین ہی میٹھا تہی

اور سرسون سرشف و سلجم ہی شلغم ترہی اصل
کھمبی ہی کماہ ثمار وغ ور نودہ گندنا
لوبیا تراثوک و دجرو فول و جرجر باقلی
شبت سویا خرفہ فرفخ ساگ ہی بقلہ
پودنہ نعنع نبات گزرہ ہی کوتھمیر
اور بادنگان بادنجان بینگن پھل ثمر
مولی ترب و فجل ہی گاجر جزر زردک گزر
اور کھیرا بادرنگ اہلی ہی ضبار و ضبار
چھانک قاش و قشر چھلکا اور مقشر ہی چھلا
توت فرصاد املسی شنبا بیدانہ انار
نخ کچا ہی رسیدہ پکا اور رمان انار
گدرا گدر نیم رس ہی خانہ رس ہی پال کا
تاک پیڑ انگور کا اور غورہ ہی انگور خام
حمل پھل نارنج نارنگ اور منتقی ہی موز
اذک آلوچہ پنگ اترج ترنج آلی بہی

جامن پھل امرود سفری شور کیلے کی پھلی
ترچھوہارہ رطب چلغوزہ ہی پھل پیڑ کا
سیب تفاح و عنب انگور زرمی ثمر ہی
پستہ فستق اور کشمش قشمش و بادام لوز
حب سمنہ ہی خروبی جوز بویا جائفل
کھوپرا ہی مغز جوز ہندی میوہ فاکہہ
ہڑ ہلیلہ ہی بہیڑا ہی بلیلہ سوس گھن
ریٹھا فندق ہی ملیٹھی اصل السوس السی کتان
جوز ماثل پھل دھتورے کا ہی کانٹا خار ہی
مقل گوگل صبا ہی جاکر [illegible] و صبر ایلوا
عفص مازو ہی شنون منجن ہی انجن توتیا
تخم ریحان بیج تلسی کی سلیخہ قرفہ تج
گوند شلم آزد و صمغ اور مصطکی اسی مصطگی
حبۃ السودا کلونجی سونٹھ سندی زنجبیل
چکسہ پڑیا کا نٹھہ ہی عقدہ گرہ دانی بذر

اور کمثری ہی گلابی ناشپاتی بہی
اور زرد آلو ہی مشمش نکر دہی ہی سنگترا
خشک زرد آلو ہی خوبانی چھوہارا تمر ہی
بیج تخم و مغز ہی گودا گری اخروٹ جوز
نارگیل و نارجیل و جوز ہندی ناریل
اور بلیلہ اور بلیلہ آملہ ہی ترپھلا
آنولہ ہی آملہ اور حبہ خضرا ہی بن
گھمچی عین الدیک ہی اور رازیانج بادیان
زودان و فوفہ چھیٹ اور نرلبی [illegible]
سنیدہ زاخل حنظل اندراین کا پھل [illegible]
اور جراوہ سواش و چھیہ ہی بول چھالیا
اور کتیرا ہی کتیرا رانجیو تکہ کا گنج
افحوان بابونہ ہینگ انگوزہ و شب پھٹکری
اور بھلاوا ہی بلادر کالا دانہ حب النیل
زیرہ رومی کرویا اور بھپارا ہی [illegible]

ٹھمری عزیز الدین احمد نظر ساکن جلیسر

نمائش خدا مین پہرنا ادہرا ودہرا در جلیسر پہنچکر عانا و کلاادر

[illegible]	[illegible]	[illegible]

نولی صاحب کے اجازت راقم نے چہاپا مین چہپوا مین جستقدر کار ہوا ... [illegible]

بلی لوٹن ہی متر تنگان و گنگشل ہی کپاس
چوکا ہی حماض اور بجز قطونا اسبغول
زہر بیش ہرتال ہی زرنیخ ہاتھی انت عاج
بنسلوچن ہی طباشیر و نیستان لسلسا
ملق ابرک ارفلفل مرچ اور نسبی تخار
کاہی حسن کچلون بورق تورہ وسیم ہی تیل
در درا جو کوب ہی سخت و صلب کرا
میل لوہی کا ہی ریم آہن و خبث الحدید
خم بق آشود ہی کنکی قسط کٹ مجرمل سپید
آزمایش امتحان تاثیر اثر نقصان ضرر
زہر سم قاتل کشندہ سنکھیا ہی سم فار
گندک اور گوگرد کبریت اور کنوچہ مرہی
پوست چھل بیج تخم کیکر مغیلان ہی خار
جھاو گز طرفا ہی ڈھاک کہ کسر سباج سبا
درد لمبوٹ گا دہی پاینده قائم ویز یا

اور تیتا کو شتن قاحق گیاہ اب سبز گھاس
اور بزنگ گا بلی ہی بار بنگ اور مرچی پول
اور اسفنج ابر مردہ پرسیاوشن ہنسراج
زیبق وسیماب پارہ نیلہ تھوتھا توتیا
شورہ البقر کسیس اور زاج اصفر قلقطار
اور بادنجان وشتی بھٹکٹیا طین گل
اور خشونت کھر کھراپن ہی خشن ہی کھرا
تخم بیدانجیر ارنڈی اندہی ادنا فع سفید
گجلہ تیج حب السلاطین ماہو انہ اور ونڈ
گرم حار وسرد بارد خشک یابس رطب تر
اور مضر نقصان کرنیوالا ہی سمی زہر دار
سید ربیری اور عزرئیل کو ہی سرخ
اور خشک ہی کوکھرد یہل کنتیلا خاردار
اور بید انجیر ارنڈ اشنہ چھریلا پیلو جال
اور ترحیرا اسپر مامیابی فاتر کنکنا

تیری حدت خل سرکہ بھنگ تاک و می شراب
نشا مستی سکر نشوہ نشئہ فاسد خراب

گولی حب شکر نشیدا اور افیم افیون ہی
حرف ہالون حافظ اطفال فرفیون ہی

دانہ خشخاش کھیکس اور حبہ خاکشی
مسک مشک عود اگر بسباسہ ہی جاوتری

مونگا مرجان لونگ قرنفل اور مروارید سیپی صدف
اور کف دریا سمندر پھین جھاگ اپھین کف

چونہ آہک کات کتھا اور فوفل چھالیا
مشک کستوری کدر کاذی کاذی کیوڑا

عنبر و شہلا ہی نرگس اور کیسر زعفران
اور گل خشخاش لالہ ہی سپید خیران

سوسن آزاد و زنبق ناز بو ریحان ہی
خیرو خطمی خیری شبو اور چمن بستان ہی

کلفا عرف الدیک ہی صد برگ دشتی جعفری
گیندا صد برگ و خزا زہرہ شگوفہ ہی کلی

زرد گل گلبن درخت گل ہی نسترن سیوتی
رازقی بیلا چمیلی یاسمین ظیان جوہی

سعد موتہا اور گل خورشید ہی سورج مکھی
اور سنبل بالچھڑ ہی نسترن ہی سیوتی

تازہ سرسبز و گل کا زیرہ و عصفر کسوم
اور پژمردہ ہی مرجھایا ہوا لو ہی سموم

باد شرقی و صبا پروا ہوا دھیمی نسیم
اور ہوائے تیز صرصر باد خوشبو ہی شمیم

سیر گلگشت و روش پٹری ہی تر سیراب ہی
اور شگفتہ ہی کھلا اندر بہت نایاب ہی

عشق پیچا عشق پیچان آبداری آب تاب
بیلا کو کاسنی نیلوفر ہی جلتی ہی سداب

کھیت کشت و گذرن سپرم اندری خرمن انبار جاش
اور مزارع ہی کسان اور زمیک روزی خوش معاش

مینڈ پلو بن جھانکڑ و بنکی باڑ چپرچین خار بست
پینا ساز گاڑی ہی اور کودنا ہے وثب و جست

سنہ آہن گا وبھالا قلبہ ہل پنچ ہجے جوا
چاہ کنیسان چاہ خشک چاہ بیر و جب کوا

مشک خیک و نرق رہٹ دولا او ڈول دول
اور شغابت ہے تکونا اور مدو گرد و گل

ہشت پہلو ہے مثمن اور مسدس چھ پہل
باؤلی ہے وا آہی سیڑھی زینہ پایہ پیچ پل

وسب ہے کوٹھی کوئیکی سوت ینبوع و زہاب
عین چشمہ چاہ کن کتکن ہے سوتا شاخ آب

حوض برکہ کائی طحلب او ریم بحر شور
سیل ہے وا ابلا لہر موج و اشد طاقت ہے زور

ناخدا ہے مالک کشتی بڑی کشتی جہاز
ناو کشتی کشتیبان ملاح ہے لالچ ہے آز

پیرنے والا شناور پار ہونا ہے عبور
غوطہ زن غواص غائص اور گزرنا ہے مرور

گنگ گنگا بحر و یم دریا بھنور گرداب ہے
اور قعیر و ژرف گہرا استخر تالاب ہے

ہوڑی شینک قارب و زورق ہے جھول نگام ہے
قنطرہ پل سکل ہے بیڑا باندھ بند و سد رو

ندی جو تال آگیر اور نالی جدول بلا حباب
اور او بسر خاک مردہ دھوکا پانی کا سراب

مزرعہ کھیت اور رکھوالا محافظ پاسبان
اور رکھوالی نگہبانی حفاظت غل فغان

باڑ ہی فالیز و شیاریدہ زمین جوتی ہوئی
پانی دینا آب پاشی بڑھنا ہے بالیدگی

کھات انبار و شیاریدن زمین کا جوتنا
اور سہاگا مسلفہ ہے آراسہ ہے بر بلہ

باغبان مالی حدیقہ باغ گلشن بوستان
اور خیابان کیاری سم فصل ہے بیت جھرا

برگ پتا ڈالی فرع و شاخ پودا نونہال
پھول گل غنچہ کلی پھل بار خوشہ گیر بال

پودر پودا ہی نہال اور تھانولا کو لاب ہی
باغ روضہ اور بہت سر سبز پس شاداب ہی

مالی گلچین و چمن قطعہ گلستان باغ ہی
اور تنہ پینڈا اور شجر ہی پیڑ کو ازاغ ہی

فصل ہفتم در بیان حیوانات ومناسبات

آشیانہ گھونسلا طائر پکھیرو ہی پرند
وحشی و صحرائی جنگلی اور چوپایہ چرند

شیر اسد باگ اور گرگ و ذیب لیاری بھیڑیا
نیلگائی نیلہ و خرگوش و ارنب ہی کھرا

بارہ سنگا ہی گوزن و ایل و آہو ہرن
لومڑی روباہ بلی گربہ بجو گورکن

ریچ خرس استر بغل خچر حمار و خر گدھا
اور بہیانہ ہی لنگور اور بندر بوزنہ

گور صغدہ کرگ گینڈا تیندوا و نمر و پلنگ
اور چرخ کفتار ہی ناکا ہی تمساح و نہنگ

خوک خنزیر اور سور ہی اور آبی خوک سوس
اور چھچھوندر موش کور و خلد ہی خر موش گھونس

موشک پران گلہری گوہ ضب و سوسمار
سر بل سوراخ و روزن چھید یا موش فار

چھپکلی چلپاسہ و حربا ہی گرگٹ خنفس نر
مادہ انثی اور بھنبھر زنبور ہی بھونرا کر

لانہ چھتا اور نحل و منج مکھی شہد کی
اور تیتیا ہی غلیق و مورچہ ہی چینوٹی

بھنبھنا ہی طنین لق پشہ مچھر اور ڈانس
زنبیر جھینگر سانس کھٹمل کی نک نیش و حسق پھانس

جون سپش ہی کیک پسو نمل مور و مورچہ
کرم شبتاب و حباحب جگنو اور پتنگا

خانہ تند وہی جالا اور مگر دیو بیا
کرم پیلہ کرم ریشم پیلہ ریشم سستا آن
دود کیڑا دود غد غد ڈری گزیدن کاٹنا
عقرب بچھو کژدم ہی بچھو ناب ہے حیہ مار
اژدہا ثعبان افعی ساپ آن سنپولا
کچھوا ہی باخہ کشف خرچنگ و سرطان کیکڑا
غوک ضفدع مینڈکی مینڈک ہی چھنگا زو بیا
اقنہ وکریانہ ڈریا تختہ پیرارت ٹھیک
شور غوغا کاؤں کاؤں غاق غاق و کاغ کاغ
مینا شارک پیپا موسیچہ ہی اعجوبہ عجیب
چڑیا گنجشک اور لشوراہی صعوہ کیتو بیا
ہدہدک ہدہد سمانی ہی بٹیر اور لودنہ
طوطی توتا چونچ منقار اور کوا ہی غراب
بڑلیش بیر دراج تیتر قبج ہی کبک اور چکور
چکوری چکوا چنگ دلعلق ہی لگلگ بازنی

اور تیتید وکڑی ہی مکھی مگس جھری گنند
اور اگن جڑیا سمندر کنسلائی گوش خر
اور پروانہ پتنگا دیمک ارضہ دیو جیا
اور پسن ہی کفچہ مار اور قنچ پھنکار ہی
ام سبعین کھنکھجورا جونک علق دیو
اور برقان ہی بنبیری اور خراطین کیچوا
اور ملخ ٹڈی ہی ماہی مچھلی مرغی ماکیان
بیضہ انڈا جوزہ فروج وخروس مرغ ویک
اور بزرگ بزرہ مہوکا عقعق اور کوا کلاغ
اور چکاوک قنبرہ چنڈول بلبل عندلیب
اور مولا ہی سرچہ صعوہ صلصل فاختہ
اور پرستک ہی ابابیل اور کرک سلوی لوا
اور قفس پنجرا ہی اڈا آذانا کارہ خراب
اور کبوتر ہی حمام و فیسا اور طاؤس مور
اور مرغابی آب زو بط ہی بطخ سونا قاز

بگلا بوتیمار ہی اور پر پریدہ پر کٹا
شپر و خفاش چمگادڑ ہی اور منحوس شوم
شکرہ اٹھہی ترمتی سنگک و بازو ہی باز
باز کا زرجرہ بچہ چنگل و چنگال و چنگ
باشہ باسق جرغ سقر و صقر ہی این کہی
عو عو کردن بھونکنا ہی بلا جرو و سگ بچہ
کلب و سگ کتا ہی گیدڑ توفل و شغر شغال
جرہ نخچوار اور چکالی لشک و بعرہ مینگنی
گاو گیا مادہ گاو و ستور و ثور بیل
ضرع تھن ہی خشی و سرگین گوبر اور گند پلید
جانور جاندار حیوان گھر ہی سم اور فراخ
گبش مینڈھا بچھڑا گوسالہ ہی و زعاب
برہ بچہ بھیڑ کا ہی گوسفند و میش بھیڑ
دودھیا سبزہ ہی اشہب مشکی و شکیں سیاہ
تیز تند اڑیل ہی کھکیر اور رہیل قمتی

اور وصل ہی گگنبھیر اور پوپا چلہ
کنسر و کرکس گدھ کہکوسٹ جغد الو بوہ بوم
اور زغن ہی چیل سنبر کنیل کنٹھ اور دام جال
اور سیانا ہوشیار اور کلنج ہی کرگی کلنگ
اور شکار و صید نخچیر ذئب ناولی
پالتو پروردہ واکدش و تخمہ دوغلا
یوز چیتا ظبی و آہو ہرن آہو غزال
گاو بیل و بھینسا جاموس آختہ خصی
مغز و نر بکری ہی جاموسہ بھینس
نوبچہ اونٹ کا مہرہ بچھیری زبل لید
اور چوپایہ بہیمہ چارپایہ سینگ شاخ
بھیڑ بکری ہی غنم اور بیل گائی ہی بقر
تازیانہ کوڑا گھوڑی ہی مادیان مہیز ایر
مہرو کرا ہی بچھیرا اور طویلہ پایگاہ
قیرہ گردن قائزہ کرنا ہی کنفلہ کرگی

سنسناہٹ شیہ یال و فش یال اور تاب
بھٹو یا بور سیمان رسی ہی حکم پایدار

دم ذنب جفتہ دولتی لینڈی دمچی پاردم
تو بڑا تبرہ ہی اگلے پاؤں کی رسی جدا

ٹینا تا بیدن سن سی کھیاری ہی ترسکا
اور اگاڑی ہی جلوک تا ب بل تسمہ دوال

میچھوی میخ و ب اور کھونٹا ہی میخ و وتد
کو سہ گیڈی ہی چار جامہ زین ہی نمدہ نمد

ریشم ابریشم قز لسیم اون پشم بان بافت
غاشیہ زین پوش ذہ تہ تنگ تکلتو کہ اوخت

جھل سی پالنگ اغبار مقود باگ دور
اور عنان باگ اور نفر سا کہ ستیلہ دو زدیو

فصل ہشتم در بیان پیشہ وران و متعلقات شان

چور سارق تھا نگی دزد ستا بھیدی راز وا
اور غار تگر لٹیرا اور ٹھاہر آشکار

نقب کول اور چوری زدی مکنون نہان
کھوج پی کھوجی سراغی اور عیاں ہی نشان

چشمہ عینک ستیا کجال الکحل سرمہ دان ہی
او ر سلائی میل [illegible] ہی

شیشہ گر زجاج ہی کلج آبگینہ ہی زجاج
[illegible]

پارچہ سا ہول ہی شاقول اور بھاری ثقیل
[illegible]

گاڑہ یا جال اور نلی ماشورہ ماکو بال ہی
[illegible]

